**مندرجہ ذیل حقوق اوراستحقاق کی آپ کوبرطانیہ اورویلزکےقوانین کےتحت یقین دہانی کرائی جاتی ہےاور یہ یورپین کنونشن برائےانسانی حقوق کےتقاضوں کےعین مطابق ہیں۔**

## اپنےحقوق یاد رکھیں:

**1. اگرآپ کو کسی وکیل (سالیسیٹر) کی ضرورت ہےتوپولیس کو کہیں تاکہ وہ آپ کےپولیس سٹیشن میں ہونےکےدوران آپ کی مدد کرسکے۔ یہ مُفت ہے۔**

**2. اگرآپ کسی کو بتانا چاہتےہیں کہ آپ پولیس سٹیشن میں ہیں توپولیس کو بتائیں۔ یہ مُفت ہے۔**

**3. پولیس کو بتائیں اگرآپ ان کےقوانین کو دیکھنا چاہتےہیں ۔ ان کو کوڈ آف پریکٹس کہا جاتا ہے۔**

اگرآپ کوطبی مدد کی ضرورت ہےتوپولیس کو کہیں ۔ یہ مُفت ہے۔

آپ کو اپنےحقوق کےبارے میں اوراس بارے میں مزید معلومات حاصل ہونگی کہ آپ کےساتھ اندرپولیس کی طرف سے کیسا سلوک کیا جانا چاہیےاورکیسی دیکھ بھال کی جانی چاہیے۔

Home Office

legal services COMMISSION

The Law Society

**نوٹس آف رائٹس اینڈ اینٹائٹلمنٹس کا یہ ورژن 1/8/11سے قابل عمل ہے۔**

برائےکرم اس معلومات کو اپنے پاس رکھیں اورجتنا جلد ہوسکےاسے پڑھ لیں۔ یہ پولیس سٹیشن میں ہونےکےدوران فیصلےکرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

| |
|---|
| اگرآپ کوکسی مشتبہ جُرم کےبارے میں سوالات کئےجاتےہیں، توآپ کا کچھ کہنا لازمی نہیں ہے۔ بہرحال، اس سےآپ کےدفاع کونقصان پہنچ سکتا ہےاگرسوال پوچھےجانےکےدوران آپ کسی ایسی بات کا ذکرنہیں کرتےجس پربعد میں آپ عدالت میں انحصار کریں گے۔ آپ کی طرف سےکہی گئی کوئی بھی بات شہادت کےطورپرپیش کی جاسکتی ہے۔ |

# 1. آپ کی مدد کےلیےکسی وکیل(سالیسیٹر) کوبُلانا

- کوئی سالیسیٹرقانون کےبارے میں آپ کی مدد کرسکتا ہےاورآپ کومشورہ دے سکتا ہے۔
- کسی سالیسیٹرسےبات کرنےکےلیےکہنے کا یہ مطلب نہیں ہےکہ ایسا لگتا ہے کہ آپ نےکچھ غلط کیا ہے۔
- پولیس حراستی افسر (کسٹڈی افسر) کو لازمی طورپرآپ سےپوچھنا چاہیےکہ کیا آپکو قانونی مدد کی ضرورت ہے۔ یہ مُفت ہے۔
- پولیس کو لازمی طورپرکسی بھی وقت، دن یا رات، پولیس سٹیشن میں آپ کی موجودگی کےدوران آپ کو سالیسیٹرسےبات کرنے دینا چاہیے۔
- اگرآپ نے قانونی مشورےکےلیےکہا ہےتو پولیس کو عام طورپراس وقت تک سوالات پوچھنےکی اجازت نہیں ہوتی جب تک آپ کو کسی سالیسیٹرسے ملنے کا موقع نہیں مل جاتا۔ جب پولیس آپ سےسوالات پوچھتی ہےتوآپ کہ سکتےہیں کہ کوئی سالیسٹرکمرے میں آپ کےساتھ موجود ہو۔
- اگرآپ پولیس کو بتاتےہیں کہ آپ کو قانونی مشورہ نہیں چاہیےلیکن اس کےبعد اپنا ارادہ تبدیل کرلیتےہیں توپولیس کےحراستی افسرکو بتائیں جوکسی سالیسیٹرسےرابطےکےلیےآپ کی مدد کرے گا۔
- اگرکوئی سالیسیٹرنہیں آتا یا آپ سےپولیس سٹیشن پررابطہ نہیں کرتا، یا اگرآپ کو سالیسیٹرسےدوبارہ بات کرنے کی ضرورت ہےتوپولیس کو ان سےدوبارہ رابطہ کرنےکےلیےکہیں.

**کچھ کم سنجیدہ نوعیت کےمعاملات کےلیےمفت قانونی مدد:**

- یہ کریمینل ڈیفنس سروس ڈائریکٹ Criminal Defence Service (CDS) Direct کی طرف سے کوالیفائیڈ مشیران کی طرف سے ٹیلی فون پر مشورے تک محدود ہے جب تک محدود استثنات لاگوہوتی ہوں جب کسی سالیسیٹر کو پولیس سٹیشن آنا چاہیے، جیسا کہ:
  - ~ پولیس آپ سےکسی جُرم کےبارے میں سوالات پوچھنا چاہتی ہے یا کسی آنکھوں دیکھنےوالےگواہ کےشناختی طریقہ کار پر عمل درآمد کرتی ہے۔
  - ~ آپ کو کسی "مناسب بالغ" کی طرف سےمدد کی ضرورت ہے۔ دیکھیں "لوگ جنہیں مدد کی ضرورت ہے"۔
  - ~ آپ ٹیلی فون پر بات چیت کرنےکےقابل نہیں ہیں، یا
  - ~ آپ پولیس کی طرف سےسنجیدہ نوعیت کی بدسلوکی کا الزام لگاتےہیں۔

**جب مفت قانونی مدد سی ڈی ایس ڈائریکٹCDS Direct کی طرف سےٹیلی فون پردئیےجانےوالےمفت قانونی مشورے تک محدود نہیں ہے:**

- آپ اپنی جان پہچان کےکسی سالیسیٹر سےبات کرنےکےلیےکہ سکتےہیں اوراس کےلیےآپ کو ادائیگی نہیں کرنا ہوگی اگروہ لیگل ایڈ پرکام کرتےہیں۔ اگرآپ کسی سالیسٹرکو نہیں جانتے یا آپ کی جان پہچان والےسالیسیٹر سےرابطہ نہیں کیا جاسکتا تو آپ ڈیوٹی سالیسیٹرسےبات کرسکتےہیں۔ یہ مُفت ہے۔

- ڈیوٹی سالیسیٹرکا پولیس سےکوئی تعلق نہیں ہوتا۔

**مفت قانونی مشورے کا بندوبست کرنےکےلیے:**

- پولیس ڈیفنس سالیسیٹرکال سنٹر(Defence Solicitor Call Centre (DSCC سے رابطہ کرے گی۔ DSCC قانونی مشورہ دینےکا بندوبست کرےگا، یا تو سی ڈی ایس ڈائریکٹ کی طرف سے، کسی ایسے سالیسیٹرکی طرف سےجس کےلیےآپ نے کہا ہےیا ڈیوٹی سالیسیٹرکی طرف سے۔

- ڈی ایس سی ایس اورسی ڈی ایس ڈائریکٹ آزاد خدمات ہیں جو مفت قانونی مشورہ فراہم کرنے کا انتظام کرنےکےذمہ دارہیں اوران کی پولیس کےساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

**اگرآپ قانونی مشورہ کےلیےخود ادائیگی کرنا چاہتےہیں:**

- جب مفت قانونی مشورہ سی ڈی ایس ڈائریکٹ کی طرف سے ٹیلی فون پرمشورے تک محدود ہو تو آپ تب بھی اپنی پسند کےکسی سالیسیٹرکےساتھ ٹیلی فون پربات چیت کرسکتےہیں اگرآپ ایسا کرنا چاہتےہیں لیکن ان کےلیےادائیگی لیگل ایڈ کی طرف سے نہیں کی جائےگی اوروہ آپ کو ادائیگی کرنےکےلیے کہ سکتےہیں۔ ڈی ایس سی سیDSCC آپ کی جانب سےآپ کےاپنے سالیسیٹرسےرابطہ کرےگا۔

- آپ اپنے منتخب شُدہ سالیسیٹرکےساتھ پرائیویٹ مشاورت کےاہل ہیں جو یا تو فون پرہوگی یا وہ آپ سےملنےکےلیےپولیس سٹیشن پرآنے کا فیصلہ کرسکتےہیں۔

- اگرآپ کی پسند کےسالیسیٹرسے رابطہ نہیں کیا جاسکتا توپولیس اس کے باوجود ڈی ایس سی سی سےرابطہ کرے گی تاکہ ڈیوٹی سالیسیٹرکی طرف سےآپ کےلیےمفت قانونی مشورے کا بندوبست کیا جاسکے۔

## 2. کسی کو بتانا کہ آپ پولیس سٹیشن پرہیں

- آپ پولیس کو کہ سکتےہیں کہ وہ کسی ایسےشخص سےرابطہ کرے جس کو ضرورت ہےکہ وہ جانےکہ آپ پولیس سٹیشن پرہیں۔ یہ مُفت ہے۔ وہ جتنا جلد ہوسکا کسی سےآپ کےلیےرابطہ کریں گے۔

## 3. کوڈز آف پریکٹس کو دیکھتےہوئے

- کوڈز آف پریکٹس وہ قوانین ہیں جوآپ کو بتائیں گےکہ آپ کی پولیس سٹیشن میں موجود گی کےدوران پولیس کیا کرسکتی ہےاورکیا نہیں کرسکتی ہے۔
- پولیس آپ کو کوڈز آف پریکٹس پڑھنے دے گی لیکن آپ اس کو اتنی دیرتک نہیں پڑھ سکتےکہ جس سےپولیس کو یہ جاننےمیں رکاوٹ ہوکہ کیا آپ نے قانون کو توڑا ہے۔
- اگرآپ کوڈز آف پریکٹس پڑھنا چاہتےہیں، تو پولیس کےحراستی افسر سے کہیں۔

# پولیس سٹیشن پرہونےکےبارے میں دیگر باتیں جن کا آپ کو علم ہونا چاہیے

## پولیس سٹیشن پرآپ کی موجودگی کےوقت کی تفصیلات حاصل کرنا

- پولیس سٹیشن پرآپ کی موجودگی کےدوران ہونے والی ہربات کو ریکارڈ کیا جاتا ہے۔ اسے حراستی ریکارڈ کہا جاتا ہے۔

- جب آپ پولیس سٹیشن چھوڑتےہیں، توآپ، آپ کا سالیسیٹر یا آپ سےمتعلق کوئی مناسب بالغ حراستی ریکارڈ (کسٹڈی ریکارڈ) کی ایک نقل کےلیےکہ سکتےہیں۔ پولیس کوجتنا جلد ممکن ہوسکےآپ کو آپ کےکسٹڈی ریکارڈ کی کاپی دینا لازم ہے۔

- آپ پولیس سٹیشن چھوڑنےکےبعد 12 ماہ تک اپنےکسٹڈی ریکارڈ کی نقل کےلیے پولیس کو کہ سکتےہیں.

## آپ کےساتھ کیسا سلوک ہونا چاہیے اورکیسی دیکھ بھال کی جانی چاہیے

یہ اس بارے میں مختصرنوٹس ہیں کہ پولیس سٹیشن میں رکھےجانےکےدوران آپ کس بات کی توقع رکھ سکتےہیں۔ مزید جاننےکےلیے، کوڈزآف پریکٹس دیکھنےکےلیے کہیں۔ ان میں اس بارے میں ایک فہرست بھی شامل ہےکہ ان چیزوں میں سے ہرایک کےبارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اگرآپ کوئی سوالات رکھتےہیں توپولیس کسٹڈی افسر سے پوچھیں۔

## اگرآپ غیرصحتمند ہیں

اگرآپ بیمارمحسوس کرتےہیں یا کسی دوا کی ضرورت ہےتوپولیس کو بتائیں۔ وہ کسی ڈاکٹریا نرس کو یا علاج معالجےسےمتعلق کسی اورپیشہ ورفرد کو بُلائیں گےاوریہ مُفت ہے۔ آپ کو اپنی ذاتی دوا لینےکی اجازت دی جاسکتی ہے لیکن پولیس کو پہلے اس کا معائنہ کرنا ہوگا۔ عام طورپرایک نرس آپ کو پہلےدیکھےگی، پولیس کسی ڈاکٹرکو بھی بلائےگی اگرآپ کو اس کی ضرورت ہے۔ آپ کسی اورڈاکٹرکوبلانےکےلیےبھی کہ سکتےہیں لیکن آپ کو اس کےلیےادائیگی کرنا ہوگی۔

## رابطے میں رہنا

کسی سالیسیٹرسےبات کرنےاورکسی شخص کو آپ کی گرفتاری کےبارے میں بتانےکےساتھ ساتھ عام طورپرآپ کو ایک ٹیلی فون کال کرنےکی اجازت بھی دی جائےگی۔ اگرآپ ایک فون کال کرنا چاہتےہیں تو پولیس سے کہیں۔ آپ ایک قلم اورکاغذ کےلیے بھی کہ سکتےہیں۔ آپ ملاقاتیوں سےمل سکتےہیں لیکن کسٹڈی افسراس کی اجازت دینےسےانکار کرسکتا ہے۔

## آپ کی کوٹھڑی

اگرممکن ہوتوآپ کو اپنی کوٹھڑی (سیل) میں رکھا جانا چاہیے۔ یہ صاف، گرم اورروشن ہونا چاہیے۔ آپ کا بستر صاف اوراچھی ترتیب میں ہونا چاہیے۔ آپ کو لازمی طورپرٹائلٹ استعمال کرنےاورنہانےدھونےکی اجازت دی جانی چاہیے۔

## کپڑے

اگرآپ کےاپنےکپڑے آپ سےلےلیےجاتےہیں، توپولیس کو لازمی طورپرآپ کومتبادل قسم کےکپڑے فراہم کرنے چاہیے۔

## کھانا اورپینا
آپ کو لازمی طورپردن میں 3 دفعہ مشروبات کےساتھ کھانےکی پیشکش کی جانی چاہیے۔ آپ کھانوں کےدرمیان بھی مشروبات لےسکتےہیں۔

## ورزش
اگرممکن ہوتوآپ کو روزانہ تازہ ہوا کےلیےباہرجانےکی اجازت دی جانی چاہیے۔

## آپ کو کتنی دیرتک روکا جاسکتا ہے؟
آپ کو عام طورپربغیرکوئی الزام عائد کئے24 گھنٹےتک کےلیےحراست میں رکھا جاسکتا ہے۔ یہ طویل ہوسکتا ہےلیکن صرف اس وقت جب کوئی پولیس سُپرنٹنڈنٹ یا کوئی عدالت ایسا کرنےکی اجازت دیتی ہے۔ 36 گھنٹےکےبعد صرف کوئی عدالت ہی پولیس کوآپکو بغیرالزام عائد کئےحراست میں رکھنےکےلیےمزید وقت دے سکتی ہے۔ اکثراوقات ایک سینئرپولیس افسرکو یہ دیکھنےکےلیےآپ کےمقدمے پراکثراوقات نظرڈالنا ہوگی کہ کیا آپ کو اب بھی وہاں پررکھا جانا چاہیے۔ اس کو نظرثانی (ریویو) کہا جاتا ہے۔ جب تک آپ صحتمند حالت میں نہ ہو، آپ کو حق حاصل ہےکہ آپ اس فیصلےکےبارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں۔ آپ کےسالیسیٹرکوبھی آپ کی جانب سےاس فیصلےکےبارے میں اپنی رائےکا حق حاصل ہے۔

## جب پولیس آپ سےسوال پوچھتی ہے
- کمرہ صاف، گرم اورروشن ہونا چاہیے۔
- آپ کا کھڑا ہونا لازمی نہیں ہونا چاہیے۔
- پولیس افسران کوآپ کو اپنے نام اورعہدے بتانے چاہییں۔
- آپ کو کھانےکےمعمول کےاوقات پروقفہ دیا جاناچاہیے اورتقریباً دو گھنٹوں کےبعد مشروبات کےلیےوقفہ دیا جانا چاہیے۔
- آپ کو حراست کےدوران کسی بھی 24 گھنٹوں میں کم ازکم 8 گھنٹوں کےلیےآرام کا وقت دیا جانا چاہیے۔

## وہ لوگ جنہیں مدد کی ضرورت ہے
- اگرآپ کی عمر17 سے کم ہے، یا آپ کو سیکھنےکی مشکلات درپیش ہیں یا ذہنی صحت کےمسائل رکھتےہیں تواس وقت آپ کےساتھ کوئی ہونا چاہیے جب پولیس مختلف کام کرتی ہے۔ اس شخص کو آپ کا "مناسب بالغ" کہا جاتا ہے۔

- آپ کا مناسب بالغ اس وقت لازمی طورپرآپ کےساتھ ہونا چاہیےجب پولیس آپ کو آپ کےحقوق کےبارے میں بتاتی ہےاوریہ بتاتی ہےکہ آپ کو پولیس سٹیشن پر کیوں رکھا جارہا ہے۔ اس کو اس وقت بھی لازمی طورپرآپ کے ساتھ ہونا چاہیےجب پولیس آپ کےسامنے پولیس انتباہ (کاشن) پڑھ کرسناتی ہے۔

- آپ کا مناسب بالغ بھی آپ کی جانب سےکسی سالیسیٹرکےلیےکہ سکتا ہے۔

- اگرآپ چاہیں تو کمرے میں مناسب بالغ کےبغیر بھی اپنے سالیسیٹرسے بات چیت کرسکتےہیں۔

- آپ کی پولیس سٹیشن میں موجودگی کےدوران ہوسکتا ہےپولیس کو مندرجہ ذیل میں سےکوئی ایک بات کرنےکی بھی ضرورت پیش آئے۔ جب تک کوئی خاص وجوہات نہ ہو، آپ کےمناسب بالغ کو لازمی طورتمام اوقات میں آپ کےساتھ ہونا چاہیے اگرپولیس مندرجہ ذیل میں سےکوئی کام کرتی ہے۔

- آپ کا انٹرویو کرتی ہےیا آپ کو تحریری بیانوں یا پولیس نوٹسوں پردستخط کرنےکےلیےکہتی ہے۔
- آپ کی تلاشی کےلیےآپ کےبیرونی لباس سےزیادہ کوئی کپڑےہٹاتی ہے۔
- کسی آنکھوں دیکھنے والےگواہ کےشناختی طریقہ کار سےمتعلق کسی بھی بات پرعمل درآمد کرتی ہے۔

- اگرآپ کا مناسب بالغ موجودہےتو وہ بھی اس وقت حاضرہونا چاہیے جب پولیس یہ کرتی ہے:

- یہ دیکھنےکےلیےآپ کےمقدمے پر نظرثانی کرتی ہےکہ کیا آپ کومزید حراست میں رکھا جانا چاہیے۔
- آپ پرکوئی الزام عائد کرتی ہے۔
- آپ کی انگلیوں کےنشانات، تصاویر یا کوئی ڈی این اے یا دیگرنمونےلیتی ہے۔

## آپ کی مدد کےلیےکسی مُترجم کو بلانا

اگرآپ انگریزی نہیں بولتےیا سمجھتے توپولیس آپ کی مدد کےلیے کسی ایسےشخص کا انتظام کرے گی جو آپ کی زبان بولتا ہو۔

اگرآپ سماعت سےمحروم ہیں یا بولنےمیں مشکل محسوس کرتےہیں، تو پولیس آپ کی مدد کےلیےاشاروں کی برطانوی زُبان (برطانوی سائن لینگویج) کےانگریزی کےمُترجم کا انتظام کرےگی۔

جب پولیس آپ سےسوالات پوچھتی ہےتومُترجم آپ کی اپنی زبان میں پوچھےگئےسوالات اورجوابات کا ایک ریکارڈ رکھےگا۔ ایک درست ریکارڈ کے طورپر اس پردستخط کرنےسےپیشترآپ اس کا معائنہ کرسکیں گے۔

اگرآپ پولیس کو کوئی بیان دیتےہیں، تو مُترجم اس بیان کی ایک نقل آپ کی اپنی زبان میں تیار کرے گا جو آپ کےلیےہوگی تاکہ آپ اس کا معائنہ کرسکیں اوراس کی درستگی کی تصدیق کےلیےاس پر دستخط کریں۔

## وہ لوگ جو برطانوی نہیں ہیں

اگرآپ برطانوی نہیں ہیں تو آپ پولیس کو بتاسکتےہیں کہ آپ اپنےہائی کمیشن، سفارت خانہ یا کاونسلیٹ سےرابطہ کرنا چاہتےہیں تاکہ انہیں بتا سکیں کہ آپ کہاں پر ہیں اورپولیس سٹیشن پر کیوں ہیں۔ وہ بھی آپ سےعلیحدگی میں ملاقات کرسکتےہیں اورآپ سے ملنے کےلیےکسی سالیسیٹرکا بندوبست کرسکتےہیں۔

# وہ اوقات جب معمول کےقوانین مختلف ہوتےہیں

## آپ کی مدد کےلیےکسی سالیسیٹرکو بلانا

بعض ایسے خاص اوقات ہوتےہیں جب پولیس کو آپ سےفوری طورپرسوالات پوچھنےکی ضرورت ہوتی ہےپیشتراس کےکہ آپ کسی سالیسیٹرسےبات کریں۔ اس طرح کےخاص اوقات کےبارے میں معلومات کوڈزآف پریکٹس میں دی گئی ہیں۔ یہ وہ کتاب ہےجوبیان کرتی ہےکہ آپ کی پولیس سٹیشن میں موجودگی کےدوران پولیس کیا کرسکتی ہے اورکیا نہیں کرسکتی۔ اگرآپ تفصیلات دیکھنا چاہتےہیں، تویہ کوڈزآف پریکٹس کے کوڈ سی کے پیراگراف 6.6 میں ہیں۔

ایک ایسا خاص وقت ہےجب پولیس آپ کو اپنی طرف سےمنتخب کئےگئے سالیسیٹرسےبات کرنےکی اجازت نہیں دے گی۔ جب ایسا ہوتا ہےتوآپ کو لازمی طورپراس بات کی اجازت دی جانی چاہیے کہ آپ کسی اورسالیسیٹر کا انتخاب کرسکیں۔ اگرآپ تفصیلات دیکھنا چاہتےہیں تو یہ کوڈزآف پریکٹس کےکوڈ سی کےضمیمہ بی میں موجود ہیں۔

## کسی کو یہ بتانا کہ آپ پولیس سٹیشن پرہیں

کچھ بعض ایسے اوقات ہیں جن میں پولیس آپ کو کسی سےرابطہ کرنےکی اجازت نہیں دے گی۔ اس طرح کےخاص اوقات کےبارے میں معلومات کوڈزآف پریکٹس میں دی گئی ہیں۔ اگرآپ تفصیلات دیکھنا چاہتےہیں تو یہ کوڈزآف پریکٹس کےکوڈ سی کےضمیمہ بی میں موجود ہیں۔

## سانس کےٹیسٹ

اگرآپ شراب پی کرگاڑی چلانےکےجُرم کی وجہ سےگرفتاری میں ہیں توآپ کو کسی سالیسیٹرسے بات کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس حق کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ پولیس کو سانس، خون یا پیشاب کےنمونےدینےسےانکار کریں یہاں تک کہ اگرآپ نےابھی کسی سالیسیٹرسےبات چیت نہ بھی کی ہو۔

# ذہنی صحت کے قانون 1983 کے تحت حراست

پولیس لوگوں کو ذہنی صحت کے قانون کے تحت جانچ کے لیے بھی زیرحراست رکھ سکتی ہے۔ اگرآپ کو ذہنی صحت کے قانون کے تحت زیرحراست رکھا گیا تھا تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کو کسی جُرم کی وجہ سے گرفتار کیا گیا تھا۔

اس کا یہ مطلب ہے کہ پولیس کو لازمی طورپریہ بندوبست کرنا چاہیے کہ آپ کا معائنہ کسی ڈاکٹریا کسی ذہنی صحت کے تسلیم شُدہ سند یافتہ پیشہ ورفرد کی طرف سے کیا جائے تاکہ وہ ایک جانچ عمل میں لاسکے۔ آپ کی جانچ پولیس سٹیشن آنے کے بعد 72 گھنٹوں (3 دنوں) کے اندراندرلازمی طورپرہوجانی چاہیے لیکن پولیس کوشش کرے گی کہ یہ جتنا جلد ممکن ہوسکے کی جائے۔ اس وقت کے دوران پولیس آپ کو ایک زیادہ مناسب جگہ پرمنتقل کرسکتی ہے تاکہ یہ جانچ عمل میں لائی جاسکے۔

آپ کی جانچ کے انتظار کے دوران، پولیس آپ کوعلاج معالجے کے کسی تسلیم شُدہ پریکٹیشنزکو دکھانے کا انتظام کرسکتی ہے۔ وہ جانچ نہیں کرسکتے لیکن وہ صحت سے متعلق آپ کے کسی دیگرخدشات میں آپ کی مدد کریں گے اوریہ واضح کرنے میں بھی مدد کریں گے کہ جانچ کا کیا مطلب ہے۔

# آزاد حراستی ملاقاتی

معاشرے کے کچھ ایسے اراکین ہیں جن کو غیراعلانیہ طورپرپولیس سٹیشنوں تک رسائی کی اجازت ہے۔ ان کو آزاد حراستی ملاقاتی کہا جاتا ہے اوروہ یہ یقینی بنانے کے لیے رضاکارانہ بنیادوں پر کام کرتے ہیں کہ حراست میں موجود لوگوں کے ساتھ مناسب سلوک روا رکھا جاتا ہے اوران کو اپنے حقوق تک رسائی حاصل ہے۔

آپ کو کسی آزاد حراستی افسرکے ساتھ ملاقات کا حق حاصل نہیں ہے اورآپ یہ درخواست نہیں کرسکتے کہ کوئی آزاد حراستی ملاقاتی آپ سے ملے۔ اگرآپ کے حراست میں ہونے کے دوران کوئی آزاد حراستی ملاقاتی آپ سے ملتا ہے تو وہ پولیس سے آزاد رہ کریہ معائنہ کررہے ہونگے کہ کیا آپ کی عافیت اورحقوق کا تحفظ کیا گیا ہے۔ بہرحال، آپ کا ان سے بات کرنا لازمی نہیں ہے اگرآپ ایسا نہیں کرنا چاہتے۔

## شکایت کیسے کی جائے

اگرآپ اس طریقے کے بارے میں شکایت کرنا چاہتے ہیں جس سے آپ کے ساتھ سلوک روا رکھا گیا ہے تو کسی ایسے پولیس افسرسے بات کرنے کے لیے کہیں جو انسپکٹر ہے یا اونچا عہدہ رکھتا ہے۔ رہائی کے بعد، آپ کسی پولیس سٹیشن پربھی شکایت کرسکتے ہیں، انڈی پینڈینٹ پولیس کمپلینٹس کمیشن یا کسی سالیسیٹرکے ذریعے بھی شکایت کرسکتے ہیں یا آپ کا ممبرپارلیمنٹ آپ کی جانب سے شکایت کرسکتا ہے۔